بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ
Bihar State Madrasa Education Board
5, Vidyapati Marg, Patna-800001

فوقانیہ ومولوی امتحانات 2025 کے رجسٹریشن کا آغاز: عبدالسلام انصاری

پٹنہ 19 جون 2024

عبدالسلام انصاری، سکریٹری بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے پریس بیان جاری کر تمام ملحقہ مدارس کے پرنسپل رصدر مدرسین رطلبا و طالبات اور گارجین حضرات کو مطلع کیا ہے کہ درجہ فوقانیہ ومولوی امتحانات 2025 کے انعقاد کی تیاری شروع کر دی گئی ہے۔تمام ملحقہ مدارس کے صدرالمدرسین و گارجین حضرات رجسٹریشن، امتحان فارم پر کرنے کی حسب ذیل تاریخ پر توجہ دیں اور حسب ترتیب رفتہ رفتہ امتحانات کے انعقاد سے متعلق تمام ضروری کارروائی انجام دینے کی زحمت کریں۔رجسٹریشن، فارم بھرنے کا طریقہ کار گزشتہ سال کی طرح MADRASA DASHBOARD کے ذریعہ سے صدر المدرسین کو فراہم کرائے گئے User ID/Password کے ذریعہ سے ہی اس سال بھی عمل میں لایا جائے گا۔ساتھ ہی رجسٹریشن فیس فی امیدوار-/200 (دوسو روپیہ) طے کیا گیا ہے ۔ رجسٹریشن فارم بھرنے کی تاریخ کے آغاز سے قبل تمام تر اطلاعات و طریقہ کار مدرسہ بورڈ کے ویب سائٹ bsmeb.org۔ پر اپلوڈ کر دیا جائے گا۔جس کی روشنی میں تمام نوعیت کے فارم بھرے جائیں گے۔واضح ہو کہ فی الوقت پرائیوٹ پرمیشن والے طلبہ وطالبات اس سے مستثنیٰ ہیں۔ پرائیویٹ پرمیشن کا اعلان بذریعہ روزنامہ اخبار بعد میں کیا جائے گا۔

درجہ فوقانیہ اور مولوی کے امتحانات میں شامل ہونے والے امیدوار کا سب سے پہلے آن لائن رجسٹریشن کرایا جائے گا۔

جس کی تاریخ 26 جون 2024 سے 20 جولائی 2024 ہے۔

مزید اطلاعات کے لئے اس نمبر پر رابطہ کریں۔7033438555

19/6/2024

(عبدالسلام انصاری)
سکریٹری
بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ